الاوفاق

کا پہلی مرتبہ اردو ترجمہ

عملیاتِ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

حجۃ الاسلام حضرت ابو حامد محمد بن محمد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ

اس کتاب کے ترجمہ کے حقوق بحق ادارہ "بک کارنر شوروم جہلم" محفوظ ہیں۔
اس ترجمے کا استعمال کسی بھی ذریعے سے غیر قانونی ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں پبلشر قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
قانونی مشیر: ملک انوار الحق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

اشاعت	:	فروری 2009
نام کتاب	:	عملیات امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
مصنف	:	حجۃ الاسلام حضرت ابو حامد محمد بن محمد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم:	:	راجہ طارق محمود نعمانی
اہتمام	:	شاہد حمید۔ گگن شاہد
پروف ریڈنگ	:	حافظ ناصر محمود
سرورق	:	امر شاہد
قیمت	:	-/200 روپے

استدعا: اللہ ربّ العزت کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد بندی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشر ہونے کے ناطے اگر سہواً غلطی رہ گئی ہو یا صفحات دُرست نہ ہوں تو براہِ کرم مطلع فرما دیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں دُرستگی کی جا سکے۔ جزاك اللّٰہ خیراً کثیراً۔ ناشر

ناشران:

بُک کارنر شوروم

بالمقابل اقبال لائبریری، اقبال روڈ، بک سٹریٹ، جہلم پاکستان

فون نمبر: 0544-614977 موبائل: 0321-5440882, 0323-5777931
info@bookcorner.com.pk - showroom@bookcorner.com.pk
www.bookcorner.com.pk

فہرست

اس کتاب کے ترجمہ کے حقوق بحق ادارہ "بک کارنر شوروم جہلم" محفوظ ہیں۔
اس ترجمے کا استعمال کسی بھی ذریعے سے غیر قانونی ہوگا۔ خلاف ورزی کی
صورت میں پبلشر قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
قانونی مشیر: ملک انوار الحق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

اشاعت	:	فروری 2009
نام کتاب	:	عملیات امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
مصنف	:	حجۃ الاسلام حضرت ابو حامد محمد بن محمد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم	:	راجہ طارق محمود نعمانی
اہتمام	:	شاہد حمید۔ گگن شاہد
پروف ریڈنگ	:	حافظ ناصر محمود
سرورق	:	امر شاہد
قیمت	:	-/200 روپے

التماس دعا: اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد بندی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشر ہونے کے ناطے اگر سہواً غلطی رہ گئی ہو یا صفحات درست نہ ہوں تو براہ کرم مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں درستگی کی جا سکے۔ جزاک اللہ خیراً کثیراً۔ ناشر

ناشران:

بُک کارنر شوروم

بالمقابل اقبال لائبریری، اقبال روڈ، بک سٹریٹ، جہلم پاکستان

فون نمبر: 0544-614977 موبائل: 0321-5440882, 0323-5777931

info@bookcorner.com.pk - showroom@bookcorner.com.pk

www.bookcorner.com.pk

فہرست

دیباچہ

بسملاً و حمدلاً و مصلیاً فاما بعد!

ہماری اُردو زبان جس نہج پر چلی گئی ہے، اور علمی وفنی طور پر وہ جس قدر جواہر ریزے اپنے دامن میں سموچکی ہے اگر وہ بجاطور پر فخر کرے تو اُس کے لئے کچھ بھی کم ظرفی کی بات نہ ہوگی۔ خود اردو زبان میں مختلف علوم وفنون ومختلف اصناف پر مستقل کتب تصنیف وتالیف ہوچکی ہیں کہ عربی وفارسی زبانیں کہ جن سے اُس نے اپنی مانگ کو سنوارا تھا اپنی آب وتاب کو کھونے لگ پڑی ہیں۔

مختصراً یہ کہ دُعا کے ساتھ دواء اور دواء کے ساتھ دُعا کا علاج بھی اتنا ہی پُرانا ہے کہ جتنا خود انسان اور اسکی تہذیب کا دور۔ جڑی بوٹیوں کے معالجات کے ساتھ جھاڑ پھونک کے معالجات بھی اہمیت کے لحاظ سے کچھ کم نہیں سمجھے جاتے۔ خود دین اسلام نے دُعا کے ساتھ دواء کے علاج کو تسلیم کیا ہے۔ اور تعویذات وعملیات وعزائم کی اس صورت کو تسلیم کیا ہے کہ جواُن پاکیزہ کلمات پر مشتمل ہو کہ جن میں شرک و بدعت کی بُو تک نہ ہو۔ خود احادیثِ صحیحہ میں روحانی معالجات کا ذکر ملتا ہے۔ اور بالخصوص، قرآنی آیات اور حدیثی اُدعیہ

ماثورہ کو مسلم معاشرہ (Islamic Civilization) میں ایک اہم حیثیت کا حامل سمجھا جاتا ہے۔

چنانچہ صدرِ اوّل میں حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین الی یوم الدین کے ہاں اس کا چرچا تھا۔ صحاحِ ستہ کی کتب ملاحظہ کیجئے تو قرآنی وحدیثی آثار کا ایک بہترین مجموعہ ملتا ہے کہ جو روحانی معالجات کے لئے صدرِ اوّل سے ہی متداوّل چلا آتا ہے۔

روحانی معالجات کے بارے میں صدیوں سے مختلف چھوٹی بڑی کتب مرتب ہوتی چلی آئی ہیں۔ ''نوبت بایں جارسید'' کے مصداق اب ہم اس موضوع پر عربی و فارسی میں ہی نہیں بلکہ خود اردو زبان میں مستقل کُتب کا ایک بیش قیمت ذخیرہ موجود پاتے ہیں۔

یہ موضوع بذاتِ خود اتنی اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے کہ بڑے بڑے آئمہ محدثین'' اور فقہاء'' نے بھی اس پر طبع آزمائی کی ہے۔ چنانچہ مشہور محدث ''امام الترمذی'' کی ''شمائلِ ترمذی'' اس کی بین دلیل ہے۔

''علم خواص الحروف'' کو اس موضوع پر بنیادی حیثیت کا حامل سمجھا جاتا ہے چنانچہ علامہ صدیق بن حسن قنوجی: (۱۲۴۸ھ تا ۱۳۰۷ھ) اس موضوع پر بیان کرتے ہوئے بعنوان ''علم خواص الحروف'' یوں خامہ فرسائی فرماتے ہیں۔

اِعْلَمْ اَنَّ الْحُرُوْفَ لَاسِيَّمَا الْمُقَطَّعَاتُ الَّتِیْ فِیْ اَوَائِلِ السُّوَرِ لَهَا خَوَاصٌ "شَرِيْفَةٌ" وَ اَحْوَالٌ عَجِيْبَةٌ" يَعْرِفُهَا اَهْلُهَا وَ قَدْ فَصَّلَهَا اَحْسَنَ تَفْصِيْلٍ اَلشَّيْخُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اَلْبِسْطَامِیُّ فِیْ كُتُبِهِ الْمُؤَلَّفَةِ فِیْ هٰذَا الشَّانِ كَذَا مَدِيْنَةُ الْعُلُوْمِ لِلْاَزْنِيْقِیِّ رَفِيْقِیْ رَحِمَهُ اللّٰهُ.

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ "الْحُرُوْف" بالخصوص مقطعات جوکہ سورۃ (قرآنی) کے شروع میں ہیں وہ خواص شریفہ کے حامل ہیں اوران کے (نہایت) عجیب احوال ہیں کہ جن کو اس علم کے ماہر ہی بہتر طور پر جانتے ہیں۔

اور الشیخ عبدالرحمٰن البسطامی نے اپنی مؤلفہ کُتب میں اس علم کی نہایت عمدہ طور پر اس شان سے تفصیل وتوضیح کی ہے۔ جیسا کہ "الْاَزْنِيْقِی" کی "مدینہ العلوم" ہے۔

﴿ابجد العلوم للنواب صدیق الحسن، الجزاء الثانی صفحہ ۲۸۰﴾

"آمدم برسرِ مطلب" کے مصداق ہم اصل منشاء ومقصود کی جانب توجہ کرتے ہیں وہ یہ کہ ہمارا موجودہ ترجمہ "عملیاتِ امام غزالی" "الامام ابوحامد محمد بن محمد الطوسی الشافعی الغزالی (۱۰۵۸ءتا۱۱۱۱ء) کی کتاب "الْاَوْفَاق" "کہ جو عربی زبان میں ہے، کا اردو ترجمہ ہے امام صاحب کے بارے میں جناب محمد عبدالرحمٰن خان صاحب سابق پرنسپل عثمانیہ یونیورسٹی کالج حیدرآباد دکن رقمطراز ہیں:

"لاطینی نام (Algazel) ۱۰۵۷ء میں بمقام طوس پیدائش، نیشاپور اور پھر بغداد میں سکونت۔ اسکندریہ تک

سفر کر کے بالآخر طوس واپس آئے اور وہیں ۱۱۱۱ء میں
فوت ہوئے۔ مسلم علماء دین کی اولین صف میں آپ کا
شمار ہو سکتا ہے۔ اخلاق و کردار کے لحاظ سے دنیا کے
بہترین انسانوں میں سے تھے اور اعلیٰ وجید مفکرین
میں سے، آپ کی تعلیم سے دنیا کی خواہ مشرق کی ہوں یا
مغرب کی کثیر فائدہ پہنچا ہے۔ ایکویناس کا اثر عیسائی غور
فکر پر اتنا گہرا نہیں محسوس ہوا جتنا الغزالی کا (جیسا کہ
G.T.Moore نے تاریخِ مذاہب جلد دوم صفحہ ۴۵۷/
۱۹۱۹ء میں لکھا ہے)[1]

(ملخصاً)

آگے رقمطراز ہیں:

''یہودی و عیسائی مدرسیّت کو آپ سے بہت مدد ملی، آپؒ نے اپنے صوفیانہ رجحانات اور (Pragmatic) نتائجیت پر مبنی تصورات کو خالص مذہبی عقائد کے ساتھ نہایت عالمانہ طریقہ پر منطبق کیا جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا۔

آپؒ نے کواکب کی حرکت اور مادہ پر بھی ایک کتاب لکھی اور ہیئت

---

[1] قرونِ وسطیٰ کے مسلمانوں کی علمی خدمات'' از جناب محمد عبدالرحمٰن صاحب، حصہ اول صفحہ ۲۲۲، صفحہ ۲۲۳

الافلاک کا بھی خلاصہ تیار کیا۔'' [1]

حضرت الامام الغزالیؒ (متوفی ۵۰۵ھ) کے فلسفیانہ، منطقیانہ اور متصوفانہ مباحث نے مشائث کے ان مباحث کی ایک نئی بساط بچھا دی اور قدیم فلسفیانہ اور منطقیانہ بحث پر شدید اعتراضات وارد کر کے قدیم یہودی اور پھر اُن کے توسط سے عیسائی مسائل طبیعات اور مابعد الطبیعات پر جدید اخلاقی مباحث کی بوچھاڑ کر کے فکر و نظر کی کسوٹی یا معیار بدل دیا اور ان ہر دو ادیان کے طبیعات (Physics) اور مابعد الطبیعات (Meta-physics) کو جاں بلب کرتے ہوئے اسے اسلامی فلسفہ اخلاق کا جدید رنگ دیا!

اور ابن رشدؒ، الامام الغزالیؒ کے بعد آ کر فلسفہ کی اس روش کو سہارا نہ دیتا کہ جس کو حضرت الامام الغزالیؒ نے شدید طور پر متزلزل کر کے رکھ دیا تھا تو ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ فلسفہ (Philisophy) اسی دور میں دم توڑ چکا ہوتا!

بہرحال، ہمیں کسی طور پر بھی یہ بات تسلیم کرنی پڑے گی کہ ''مسلم اسپین'' کے توسط سے دوسرے مسلم علماء و مفکرین کے افکار و نظریات کی طرح حضرت الامام الغزالیؒ کی منطق، فلسفہ نیز طبیعات (Physics) اور مابعد الطبیعات (Meta-physics) پر مشہور و معروف کتب و افکار و نظریات آہستہ

---

[1] ''قرونِ وسطیٰ کے مسلمانوں کی علمی خدمات'' حصہ اول، صفحہ ۲۲۳

[2] ''خیام'' از حضرت علامہ ڈاکٹر السید سلیمان الندویؒ، صفحہ ۲۷۹، صفحہ ۲۸۰

آہستہ یورپ کے مختلف ممالک یا یوں کہیئے کہ یورپ کی عیسائی دنیا میں پھیلنے لگے اور بالآخر یہودی و عیسائی (Theology) اور الہیات نیز تصوف کے مباحث کو اپنے رنگ میں رنگ لیا، چنانچہ اوپر ہم بحوالہ تحریر کر چکے ہیں کہ:

""یہودی و عیسائی مدرسیت کو آپؒ سے بہت مدد ملی۔ آپؒ نے اپنے صوفیانہ رجحانات اور (Pragmatic) نتائجیت پر مبنی تصورات کو خالص مذہبی عقائد کے ساتھ نہایت عالمانہ طریقہ پر منطبق کیا جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا۔ آپؒ نے کواکب کی حرکت اور مادہ پر بھی ایک کتاب لکھی اور ہیت افلاک کا بھی خلاصہ تیار کیا۔""

(قرونِ وسطیٰ کے مسلمانوں کی علمی خدمات حصہ اول صفحہ ۲۲۳ مطبوعہ ""ندوۃ المصنفین۔ دہلی"")

جناب پروفیسر نورالحسن خان صاحب سابق پروفیسر پنجاب یونیورسٹی لاہور نے مصر کے مشہور زمانہ عرب سکالر جناب ڈاکٹر محمد زکی عبدالسلام مبارکؒ کی امام غزالیؒ کے فلسفۂ اخلاق پر مشہور عربی تصنیف ""الاَخلاق عِندَالغزالیؒ"" کے اردو ترجمہ ""غزالی کا تصورِ اخلاق"" کے ""تیرھویں باب"" میں بعنوان ""غزالیؒ اور جدید فلاسفہ کے مابین موازنہ"" میں ڈاکٹر محمد زکی عبدالسلام مبارکؒ کی عربی عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں کہ:

""اس بات کو میں جتنا طول دینا چاہوں دے سکتا ہوں۔

کیونکہ غزالیؒ کے نظریوں سے ملتے جلتے نظریوں کی جدید فلسفے میں کمی نہیں لیکن اختصار کے پیش نظر میں غزالیؒ اور جدید فلاسفہ کے مابین صرف اہم پہلوؤں کے تقابل و موازنہ پر ہی اکتفاء کروں گا، میرے لئے تنہا یہی کافی ہے کہ آپ کو اس کوچے کی رسم و راہ سے واقف و آشنا کردوں،،

ملاحظہ کیجئے ''غزالی کا تصور اخلاق''
باب ۳ صفحہ نمبر ۳۹۹
مطبوعہ المکتبہ العلمیہ ۱۵ لیک روڈ لاہور

حضرت الامام الغزالی (متوفی ۵۰۵ھ) کی شخصیت کا موازنہ حسب ذیل فلاسفۂ یورپ کے حوالہ سے کرسکتے ہیں۔

(i) غزالیؒ اور ڈیکارٹ (DESCARTES)

ڈیکارٹ، غزالیؒ کے تقریباً (۵۳۰) برس بعد ''لاہائی'' میں ۱۵۹۶ء میں متولد ہوا۔

ڈاکٹر مبارک صاحب رقمطراز ہیں کہ:

''فلاسفہ میں غزالیؒ سے سب سے زیادہ مشابہ اور ملتی جلتی شخصیت ڈیکارٹ کی ہے۔ کیونکہ اسے بھی غزالیؒ کی طرح حیرت و شک کے خارزار سے گذرنا پڑا اور طویل عرصے تک تردد و اضطراب نے اس کے پاؤں کو یقین کی منزل

کی طرف اٹھنے سے روکے رکھا'' (ملخصاً)

ماخذ کتاب ''غزالی و تصور اخلاق''

باب ۳ صفحہ ۲۹۹

ڈیکارٹ کی درج ذیل کتب اس موضوع سے مطابقت کے باوصف نہایت مشہور و معروف ہیں۔

1- REGLES POUR LA DIRECTION DE I'E' SPRT.

2- DISCOURSDE LA M'ETHODE

3- MEDITATIONS M'ETAPHYSIQ AES.

4- LES PRINCIPES DE LA PHILOSOPHIE

5- LES PASSIONS DE L'A' ME.

(ii) غزالیؒ اور پسکال (PASCAL)

پسکال ۱۸ جون ۱۶۲۳ء کو کلیرمون میں متولد ہوا۔

ڈاکٹر مبارک صاحب رقمطراز ہیں کہ:

''پسکال کو بڑی شہرت اس کی کتاب الافکار (PENSEES) کی وجہ سے ہوئی۔ یہ اس کے کچھ آراء و نظریات کا مجموعہ ہے جو اس کی موت کے بعد شائع ہوا۔ اس کی دوسری کتاب (LETTRES PROVINCIALES) عباد و زہاد کی زندگی کے

بارے میں اس کی رائے کی ترجمانی کرتی ہے۔ (ملخصاً)

(ایضاً) باب ۱۳ صفحہ نمبر ۲۰۹/۲۱۰

(iii) غزالیؒ اور ہوبس (HOBBES)

ہوبس ۱۵۸۸ء میں انگلینڈ میں متولد ہوا۔

ڈاکٹر مبارک صاحب رقمطراز ہیں کہ:

''ہوبس اُن لوگوں میں سے ہے جو ''نظریہ عقد اجتماعی'' (CONTRAT SOCIAL) کے قائل ہیں اور اسی نظریے کو بعد میں ''جان جاک روسو'' نے بڑا فروغ دیا۔ ہوبس کی رائے ہے کہ خود غرضی اور ہوس، انسان کی فطرت وخمیر میں موجود ہے، لہٰذا اُس کے تمام اعمال و افعال کا مرکز ومحور یہی دو چیزیں ہیں'' (ملخصاً)

(ایضاً) باب ۱۳ صفحہ نمبر ۲۱۲

ہوبس کی مشہور اور متداول تصانیف حسب ذیل ہیں:

1- IEVIATHAN IA NATURE HUMAINE.
2- JAMATIERE JA FORM ET I' AUTORLITE DE GOUVERNMENT.

(iv) غزالیؒ اور بٹلر (BUTLER)

بٹلر انگریز فلاسفر ۱۶۹۲ء میں متولد ہوا۔

''بنظر فطرتِ انسانی کے بارے میں غزالیؒ کی نسبت زیادہ حسنِ ظن اور زیادہ خوش اعتقادی رکھتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ انسان کسی عمل کی طرف اقدام سے قبل خود بخود اس امر کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ آیا یہ عمل واقع میں صحیح و صواب ہے یا خطاء و غیر صواب'' (ملخصاً)

(ایضاً) باب ۱۳ صفحہ نمبر ۲۱۵

(v) غزالیؒ اور کارلائل (KARLYLE)

کارلائل ۱۷۹۵ء میں سکاٹ لینڈ کے جنوب میں ''کل فکان'' نامی قریہ میں متولد ہوا۔

ڈاکٹر مبارک صاحب رقمطراز ہیں کہ

''غزالیؒ اور کارلائل میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ دونوں نہایت سچے اور راسخ العقیدہ مومن ہیں لیکن فطرتِ انسانی کے مطالعہ اور نتیجہ تفکیر میں دونوں کی راہیں الگ الگ ہیں۔'' (ملخصاً)

''غزالیؒ کا تصورِ اخلاق'' باب ۱۳ صفحہ نمبر ۲۱۸

بعنوان ''کفر و ایمان''

''کارلائل کہتا ہے کہ جب تک کوئی شخص اپنے عقیدہ و

رائے میں مخلص ہے اس وقت تک اسے کافر نہیں کہا جا
سکتا چاہے وہ عقیدہ کچھ بھی اور کسی نوع کا بھی کیوں نہ ہو،
لیکن غزالیؒ کہتے ہیں کہ اجتہاد کی ایک خاص اور معین حد
ہے اور گناہ اور خطا دونوں باہم لازم وملزوم ہیں تو گویا ہر
گناہ گار غلط رو اور ہر غلط رو گنہگار ہے جس کا دامن گناہ
سے پاک ہے اس کا دامن غلطی سے بھی پاک ہے۔"
(مخلصاً)

''غزالی کا تصور اخلاق باب ۱۳ صفحہ نمبر ۴۲۰
بعنوان ''اجتہاد کے بارے میں غزالی کی رائے''

یہ بات درست ہے کہ حضرت الامام الغزالیؒ (متوفی ۵۰۵ھ) کو فکری و نظری و دیگر علوم وفنون کہ جن میں امام نے تصنیف وتالیف کی صورت میں طبع آزمائی کی مخالفین کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ کی موافقین کی تعداد بھی کچھ کم نہ تھی۔

ڈاکٹر مبارک صاحب بعنوان ''غزالی کے موافقین اور مخالفین'' بدیں الفاظ رقمطراز ہیں کہ:

''غزالیؒ اور ان کے مخالفین کے مابین جنگ، حقیقت میں
فقہ اور تصوف کی جنگ تھی اور جہاں غزالیؒ کے اعوان و
انصار صوفیہ وارباب طریقت تھے وہاں ان کے مخالفین
سب کے سب فقہاء واصحاب شریعت۔'' (مخلصا)

''غزالی کا تصور اخلاق'' باب ۱۲ صفحہ نمبر ۳۸۶

حضرت الامام الغزالیؒ کے موافقین ومخالفین ارباب علم وفضل میں سے حسب ذیل کے اسماء قابل ذکر ہیں:

(i) ابنِ رُشدؒ: ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء کو مسلم اسپین کے دارالخلافہ ''قرطبہ'' میں متولد ہوئے۔ ابنِ رُشد نے الامام الغزالیؒ کی مشہور کتاب ''تہافت الفلاسفہ'' کے ردّ اور مقابلہ میں اپنی کتاب ''تہافت التہافت'' تصنیف کی۔

(ii) الامام ابن تیمیہؒ: ۱۰ ربیع ۶۶۱ھ میں حران میں متولد ہوئے۔ علامہ ابن تیمیہؒ نے تقریباً تین سو کتب تصنیف وتالیف کیں۔ ڈاکٹر مبارک صاحب رقمطراز ہیں کہ:

> ''ابنِ تمیہ، غزالیؒ کے مخالفین میں اس لئے شمار ہوتے ہیں کہ انہوں نے غزالیؒ کے ردّ وابطال میں کئی فصول لکھے۔ (مخلصاً)

(ایضاً) باب ۱۲ صفحہ نمبر ۳۹۴

حضرت الامام الغزالیؒ کے موافقین ارباب علم وفضل میں سے حسب ذیل کے اسماء مشہور ومعروف ہیں:

(i) الامام تاج الدین ابونصر عبدالوہاب بن تقی الدین سبکی (متوفی ۷۷۱ھ)

> سبکی، غزالیؒ کے عقیدت مندوں میں سے ہیں۔ انھوں نے طبقات میں غزالیؒ کے متعلق تقریباً اسی صفحات لکھے ہیں۔'' (مخلصاً)

(ایضاً) باب ۱۲ صفحہ نمبر ۳۹۷

(ii) الامام محمد بن محمد حسینی زبیدی بارھویں صدی کے علماءؒ میں سے ہیں۔ آپؒ ہی وہ شخصیت ہیں کہ جس نے الامام الغزالی کی مشہور زمانہ تصنیف ''احیاء العلوم فی الدین'' کی شرح دس ضخیم جلدوں میں ترتیب دی تھی، وغیرہ وغیرہ۔

حضرت علامہ ڈاکٹر السید سلیمان الندویؒ (المتوفی ۱۹۵۳ء) اپنی مشہور زمانہ کتاب ''خیام'' میں حکیم عمر خیامؒ کا ذکر کرنے کے بعد الامام الغزالیؒ کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''ان کے بعد دوسری قابلِ ذکر ہستی امام غزالیؒ (المتوفی ۵۰۵ھ) کی اور تیسری ان کے بھائی امام احمد غزالیؒ ''المتوفی ۵۲۰ء کی ہے۔ امام محمد غزالیؒ کا ایک قطعہ اور تین رباعیاں ''مجمع الفصحاء'' میں ہیں۔ حضرت الامام الغزالیؒ کو تصوف (Mysticism) میں جو رتبہ حاصل ہے وہ محتاجِ تعارف نہیں ہے۔

امام صاحبؒ نے مختلف علومِ عقلیہ و نقلیہ پر بیش قیمت تصانیف و تالیفات یادگار چھوڑی ہیں جو کہ عربی و فارسی ہر دو زبانوں میں ہیں۔ اور آپ کی ان کتب کو دیگر مسلم حکماء کی تصانیف و تالیفات کی طرح مشرق و مغرب میں یکساں مقبولیت حاصل ہوئی۔

مشہور مورخ و سوانح نگار علامہ شبلی نعمانی مرحوم و مغفور نے اپنی مشہور زمانہ تالیف ''الغزالی'' میں حضرت الامام کی کتب کو بتفصیل بیان کیا ہے۔

ہم یہاں پر بعنوان ''مضامین کے لحاظ سے تصنیفات کی تقسیم'' (مشہور تصنیفات مراد ہیں) نقل کرتے ہیں:۔

فقہ:

وسیط، بسیط، وجیز، بیان القولین الشافیؒ، تعلیقة فی فروع المذهب، خلاصته الرسائل اختصار المختصر، غاية الغور، مجموعه فتاویٰ.

اُصولِ فقہ:

تحصین الماخذ، شفاء العليل، منتخل فی علم الجدل، منخول، مستصفیٰ، ماخذ فی الخلافیات، مفصّل الخلاف فی اُصول القياس.

منطق:

معيار العلم، محک النظر، ميزان العمل

﴿یہ کتابیں یورپ میں موجود ہیں﴾

فلسفہ:

مقاصد الفلاسفة

﴿یہ کتابیں یورپ میں موجود ہیں﴾

کلام:

تهافة الفلاسفة، منقذ، الجام العوام،

اقتصاد مستظهری، فضائح الاباحیته و حقیقته الروح، قسطاس المستقیم، القول الجمیل فی الرّد علی من غیر الانجیل مداهم الباطنیه، تفرقه بین الاسلام والزندقه، الرسالته القدسیه.

تصوف واخلاق:

احیاء العلوم، کیمیائے سعادت، المقصد الاقصیٰ، اخلاق الابرار، جواهر القرآن، جواهر القدس، فی حقیقته النفس، مشکوٰة الانوار، منهاج العابدین، معراج السالکین، نصیحته الملوک، اُیهاالولد، هدایةالهدایة، مشکوٰة الانوار فی لطائف الاخبار۔[1]

---

[1] "الغزالی" از علامہ شبلی نعمانی صفحہ ۴۴، صفحہ ۴۵۔

حاجی خلیفہ نے بھی اپنی مشہور کتاب "کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون" میں "الاوفاق" کے نام سے امام صاحب کی کسی کتاب کا ذکر نہیں کیا ہو سکتا ہے کہ کتاب مختصر ہونے کی بناء پر زیادہ عرصہ تک منظر عام پر نہ آ سکی ہو اور یہ رجال علم اس سے ناواقف رہے ہوں بات تو منظر عام پر آنے کی ہے! بہرحال اصل کتاب "الاوفـــاق" للامام الغزالی کافی عرصہ قبل مصر میں الشیخ محمود العالم الفلکی صاحب نجاۃ "طوالع الملوک" کے زیر ادارت "دار الطباعته المحمدیة بالازهر بالقاهره" سے چھپ چکی ہے۔ جو کہ اس بات کا زندہ ثبوت ہے کہ جدید تحقیق کے مطابق یہ امام صاحبؒ ہی کی تالیف ہے۔

اصل رسالہ (کتاب) فل سکیپ سائز کے چھپن (۵۶) صفحات پر مشتمل ہے۔ ہم نے اسی کتاب "اَلْاَوْفاق" "للغزالی" کا ترجمہ "عملیاتِ امام غزالیؒ" کے نام سے کیا ہے، یہ کتاب کیا ہے؟ ملاحظہ شرط ہے۔

نہایت تعجب کی بات ہے کہ ہماری مترجمہ کتاب "اَلْاَوْفاق" کہ جس کا اردو ترجمہ ہم نے "عملیاتِ امام غزالیؒ" کے نام سے کیا ہے امام صاحبؒ کی تصانیف کی فہرست میں کہیں بھی نظر نہیں آتی۔ علامہ شبلی مرحوم نے امام صاحبؒ کی جو مفصل فہرستِ تصانیف دی ہے اس میں نمبر ۱۱ پر حرفِ الف کے تحت ایک کتاب "اسرار الحروف والکلمات" کا ذکر کیا ہے۔ وثوق کے ساتھ تو نہیں کہا جا سکتا مگر گمانِ غالب یہی ہے کہ کہیں "اَلْاَوْفاق" کا ہی دوسرا نام "اسرار الحروف والکلمات" ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

"علم خواصِ الحروف"، "علم الاعداد" اور گوناگوں قسم کے قرآنی و حدیثی اعمال و وظائف کا مجموعہ ہے کہ جو تیر بہدف ہیں۔ کتاب کا انداز کچھ یوں ہے کہ کہیں ابواب کے عنوانات سے عزائم و اوفاق کو بیان کیا ہے تو کہیں فصول کے عنوانات اختیار کر لئے گئے ہیں اور کہیں کہیں فوائد کے عنوانات سے بھی امام صاحبؒ نے نہایت عمدہ قسم کے مجربات کو بیان کیا ہے۔

ہم نے اس کتاب کا ترجمہ کہ جو "عملیاتِ امام غزالیؒ" کے نام سے اردو زبان میں کیا ہے تو غالباً اردو زبان میں اس کتاب کا یہ اولین ترجمہ ہے۔ ہم نے اس کتاب کو سلیس اردو زبان کا لبادہ اوڑھانے کی کوشش کی ہے لیکن اصل

مطالب کو ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ ہم نے اس سلسلہ میں سب سے اولین مقصد جو پیش نظر رکھا ہے وہ یہ کہ معمولی استعداد کا پڑھا لکھا آدمی بھی نہایت تھوڑی سی کوشش سے ناچیز کے اس اردو ترجمے سے بھرپور فائدہ اٹھا سکے۔

اس سلسلہ میں آخری سطور میں یہ گزارش کروں گا کہ قارئین کرام کو محترم حکیم شان احمد صابری صاحب مقیم ٹاہلیانوالہ شہر جہلم کا بھی ممنون ہونا چاہیے کہ جن کی فہمائش اور ذاتی کوشش سے یہ کتاب اردو زبان کا لبادہ اوڑھ سکی۔

اللہ رب العزت کے حضور میں بصد عجز و نیاز التماس ہے کہ حقیر مترجم کے اساتذہ کرام اور والدین مرحومین اور حکیم صاحب مذکور کے لئے اور تمام مسلمین کے لئے اس کتاب کو ذخیرہ عاقبت بنا دے۔

آمین!

بچہ ہم تہ مایہ خویش را
تو دانی حساب کم و بیش را

ہیچمدان / راجہ طارق محمود (ایڈووکیٹ)

ہائیکورٹ سول لائن جہلم

❁❁❁❁❁

گزارشاتِ ضروری

(متعلقہ کتاب)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. اَلْحَمْدُ للهِ وَ کَفٰی وَ سَلامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی اَوْ خَیْرُ ھُدٰی ھُدٰی مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ عَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا اَلْفَ اَلْفِ تَحِیَّۃً اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ بِجَاہِ النَّبِیِّ الْکَرِیْم آمین!

فامابعد! ناچیز مترجم (راجہ طارق محمود ایڈووکیٹ ہائیکورٹ جہلم) قارئین کرام کی خدمت میں بصد عجز التماس کرتا ہے کہ وہ حضرت الامام محمد الغزالی (المتوفی ۵۰۵ھ) کی تعویزات وعملیات پر بیش قیمت کتاب ''اَلاَوْفاق'' کا ترجمہ اُردو زبان میں بصد خلوص پیش کر رہا ہے حضرت الامام الغزالیؒ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے، آپ کی شخصیت میں جو جامعیت و اکملیت علمی ودینی وروحانی لحاظ سے اللہ ربّ العزت نے ودیعت فرمائی تھیں اور تصوف وسلوک میں جو بلند مقام اُنہیں عنایت فرمایا تھا اس کا بہترین ثبوت آپ کی زندۂ جاوید تصنیفات وتالیفات ہیں کہ جن کے تراجم دنیا کی مختلف زبانوں میں کئے گئے ہیں نیز آج بھی کئے جارہے ہیں! آپ کی شخصیت کا تعارف کروانا بقولِ شخصے

''چھوٹا منہ بڑی بات''

کے مترادف ہے۔

حضرت الامام الغزالیؒ کی کتاب ''الاوفاق'' کے بعد آئندہ صدیوں میں اس فن یا علم ''تعویزات وعملیات'' میں نہایت بیش قیمت کتب تصنیف و تالیف کی گئیں ہیں کہ جن میں سے کافی کتب امتداد زمانہ کی بناء پر یا تو ضائع ہو چکی ہیں یا پھر گوشہ گمنامی میں پڑ چکی ہیں۔ پھر بھی ہم اس علم وفن میں حسب ذیل کتب کے اسماء بطور مثال کے ہدیۂ قارئین کرام کر سکتے ہیں جو کہ مشہور ومتداول چلی آتی ہیں۔

''تفسیر بحر''۔ ''تفسیر مدارک''۔ ''احیاء العلوم فی الدین''۔ ''جواھر القران''۔ ''فضائل النوافل''۔ ''ماثبت بالسُّنّہ فی ایام السُّنّۃ''۔ ''فتوح الادرا''۔ ''جواھر خمسہ''۔ اشراق الدرجات''۔ ''کتاب الادرا و احسن الاعمال''۔ ''مقصود المقاصدین''۔ ''فنوز القلوب''۔ ''تحفۃ العاشقین'' ''اور مجربات''۔ ''عجائب المخلوقات''۔ ''مالابدمنہ''۔ ''تعبیر الرُّؤیا''۔ ''قول الجمیل''۔ کنز العباد''۔ ''عمدۃ الصالحین''۔ ''مصابیح الایمان''۔ ''مفتاح الایمان''۔ ''مفتاح الجنان''۔ ''غنیتہ الطّالبین و حرز ثمین''۔ ''دار الشفاء''۔ ''چلپی، ''حاشیہ بیضاوی''۔ ''مواھب اللّدنیہ''۔ ''حصن حصین''۔ ''شرح سفر السعادۃ''۔ ''فضائل القرآن''۔

"صحیح البخاریؒ"۔ "صحیح مسلم"۔ "ترمذی ....شمائل ترمذی"۔ "عَمَلُ الْیَوْمَ وَ الْیْلَةُ للنسائی"۔ "زادالمعاد فی ھدی خیر العبادُ للامام ابن القیم الجوزیةؒ"۔ "مسند علیؓ"۔ "للامام جلال الدین السّیوطیؒ"۔ "مسند علیؓ"۔ "نوادر لابن رستمؒ" "رسالة صلوٰة الصّبوح"۔ "بستان لابی اللیث"۔ "جواھر جلالی"۔ "تحفۃ المسلمین"۔ "فضائل اعمال"۔ "قواعدِ فروز شاھی"۔ "دستور القادریہ"۔ "سراج السالکین"۔ "بیاض قلمی عملیات"۔ "چار مجلد نامہ رسالہ کا اشرف الاعمال وظہیر الاعمال" معروف بہ حرز سلیمانی"

ملاحظہ کیجئے "حرز سلیمانی"

حضرت مولوی خواجہ اشرف علی لکھنویؒ! (دیباچہ کتاب بر صفحہ نمبر 7) ہم نے اوپر بعض کتب کے نام زیادہ تحریر کر دیئے ہیں نیز حسب ذیل کتب بھی قابلِ ملاحظہ ہیں:

"شمس المعارف" للشیخ ابو العبّاس احمد بن علی بونی۔ جو کہ روحانی عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک ضخیم ومبسوط کتاب عربی زبان میں تحریر کی گئی ہے، مگر ہے نہایت اہم اور اس علم وفن پر خاصۃ کی چیز، اس کا ترجمہ اردو زبان میں بھی ہو چکا ہے حضرت الامام الغزالیؒ کی کتاب "اَلْاَوفاق" میں حضرت شیخ احمد بن علی بونیؒ" کا ذکر بھی آیا ہے جس کی بناء پر یقین واثق ہے

کہ حضرت الامام الغزالیؒ نے بھی حضرت شیخ بونیؒ کی کتاب ''شمس المعارف'' سے اپنے ذوقِ سلیم کے مطابق بقدر ضرورت استفادہ فرمایا ہے!

''کمالاتِ عزیزی'' از شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ۔ ''مرقعِ کلیمیؒ'' از حضرت شاہ کلیم اللہ صاحب جہاں آبادی۔ ''ملفوظاتِ شاہ غلام علیؒ''۔ ''طبِ نبویﷺ'' از حافظ اکرام الدین صاحبؒ۔ ''کنز الحسین'' از سید غلام حسین صاحب رمال۔ ''اعمال قرآنی'' از حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ۔ ''گنجینۂ اسرار'' از امام العصر حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحب محدث کشمیریؒ۔ ''حلُّ المُشکلات'' از مولانا رحم الٰہی صاحب عامل چشتی نقشبندی۔ ''خزینۂ عملیات'' یعنی ''آئینہ عملیات'' از حضرت مولانا صوفی محمد عزیز الرحمٰن پانی پتی۔ ''شفاء المریض مع علاج المریض'' از حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب مدظلہٗ نیز'' جادو کا علاج'' از الشیخ وحید عبدالسلام بالی مترجم حافظ محمد اسحاق (کویت) وغیرہ وغیرہ!

لیکن بات جو یاد رکھنے کی ہے وہ یہ کہ ہر عمل وفن کے کچھ اسرار ورموز نیز قواعد وضوابط ہوتے ہیں کہ کامیابی کی خاطر اُن کا پیشِ نظر رکھنا نیز ان پر عمل پیرا ہونا ضروری امر ہے!

اسی طرح تعویزات وعملیات کے بھی کچھ اسرار ورموز ہیں کہ جن پر عمل پیرا ہوئے بغیر یا تو کامیابی عنقا ہے یا پھر مطلوبہ مفید نتائج کا کامل حصول مشکل ہوتا ہے۔!

ضروری قواعد وضوابط

یہاں پر ہم قارئین کرام کے مفید مطلب اُن ضروری قواعد وضوابط کو مختصراً تحریر کرتے ہیں کہ جن کا پیش نظر رکھا جانا ایک عامل کے لئے ناگزیر و ازبس ضروری ہے:

☆ یہ کہ تعویزات وعملیات سے متعلق ایک عامل کے لئے اکل حلال (حلال رزق / حلال روزی) سچائی، دیانت وامانت نیز اعمالِ صالحہ پر کاربند ہونا نہایت ضروری ہے!

☆ یہ کہ تعویزات وعملیات کی تحریر کے دوران ایک عامل نیت صاف رکھتا ہو، شیطانی وسواس سے دور رہے نیز رجوع الی اللہ کا ہونا نہایت ضروری امر ہے۔

☆ یہ کہ ایک عامل جب کسی تعویز کے تحریر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو یا کسی عمل کے پڑھنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اُس کے لئے ناگزیر اور مناسب طریقہ یہ ہے کہ وہ ستاروں / برجوں نیز اُن کی ساعتوں کا خاص طور پر خیال رکھے! (☆ ہم آئندہ صفحات میں ستاروں / برجوں نیز اُن کی ساعتوں کا مختصر تذکرہ قلمبند کریں گے۔ مترجم)!

☆ یہ کہ جب کوئی عامل محبت وغیرہ کے لئے عمل پڑھے یا تعویز تحریر کرے تو اُس کے لئے یہ امر ضروری ہے کہ وہ عروجِ ماہ (مہینہ کے آغاز)

جمعرات یا جمعہ کے روز مشتری یا زہرہ کی ساعت کو وہ روحانی عمل کرے یا تعویذ تحریر کرے!

☆ یہ کہ جب ایک عامل دشمنی وعداوت کے لئے کوئی عمل کرے تو اسے چاہئے کہ وہ مذکورہ بالا حاجت کے حصول کیلئے زوال ماہ (آخر مہینہ) میں بروز ہفتہ (سنیچر) یا بروز منگل زحل یا مریخ کی ساعت میں عمل کرے۔

☆ یہ کہ کسی تعویذ کے تحریر کرنے یا عمل کے پڑھتے وقت ایک عامل کا باوضو ہونا ضروری ہے۔

☆ یہ کہ ایک عامل کے لئے یہ امر ضروری ہے کہ وہ عمل پڑھنے کے لئے ایک جگہ مقرر کرے عمل کے مقام کو نہ بدلتا رہے نیز مصلی یعنی جائے نماز بھی خاص ہو اور غیرہ وغیرہ۔

❁❁❁❁❁

جدول

(متعلقہ)

-﴿ساعاتِ سبعہ سیارہ سعد/نحس شبانہ، روزی!﴾-

یہ کہ روحانی اعمال کے عاملین نیز تعویزات کے تحریر کرنے والے اشخاص کے لئے اس ''جدول'' کے قواعد وضوابط کا پیشِ نظر رکھنا از بس ضروری ہے۔

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس ''جدول'' کا قاعدہ بدیں طور ہے کہ جو ستارہ جس روز کا مالک ہے (یعنی جس روز سے متعلق ہے!) تو اُس روز سے پہلے ایک گھنٹہ تک اُسی ستارہ کی ساعت رہے گی پھر ایک ساعت کے بعد اُسی روز دوسرے ستارے کی ایک گھنٹہ ساعت رہے گی!

چنانچہ بدیں طور پر، رات / دن کے موافق بارہ (۱۲) بارہ (۱۲) ساعتیں ملتی رہتی ہیں! ہاں یہ بات خاص طور پر احاطۂ ذہن میں یاد رکھنی چاہئے کہ ان ستارگان / ستاروں میں صرف مریخ اور زحل نحس ہیں باقی تمام طور پر سعد ہیں!

(☆ساعت کا شمار طلوعِ آفتاب سے پیشِ نظر رکھا جاتا ہے)!

اب ہم آئندہ صفحہ پر جدول تحریر کرتے ہیں کہ جو اس مقام اور موقع کے مناسب ہے۔

جدول

یوم	ساعت	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یک شنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یک شنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنج شنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنج شنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

ناظرین کے نہاں خانۂ دل و دماغ میں یہ بات جاگزیں رہے کہ "بروج" عام طور پر بارہ۱۲ ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	برج
1	حمل
2	ثور
3	جوزا
4	سرطان
5	اسد
6	سنبلہ
7	میزان
8	عقرب
9	قوس
10	جدی
11	دلو
12	حوت

اب یہ نکتہ کچھ یوں ملحوظِ خاطر رہے کہ اوپر کی ''جدول'' میں مذکور ''سبعہ ستارہ'' ستاروں کے مقامات یہی بروج مذکورہ بالا ہیں۔

سبعہ سیارگان کے نام

نمبر شمار	سیارگان
1	شمس (سورج)
2	قمر (چاند)
3	زہرہ
4	مشتری
5	عطارد
6	زحل
7	مریخ

علماء فلکیات و نجومیات کے نقطۂ نظر اور تحقیقات کے باوصف (مطابق) حضرت ربّ جل وعلاّ عزّ اسمہٗ نے ان ستارگان میں عجیب و غریب تاثیریں پنہاں رکھی ہیں۔ یہ بات یاد رہے کہ مؤثرِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو خالقِ کائنات ہے!

نیز ''عالم سفلی'' یعنی زمین (Earth) کو عالم علوی یعنی (آسمان) (sky) کا تابع قرار دیا ہے! اب کوئی ستارہ سعد (اچھا) ہے اور کوئی ستارہ نحس (برا) ہے۔ جب ستارہ سعد ہوتا ہے تو نیک افعال کا حامل ہونے کی بناء پر کام درست ہو جاتا ہے اور جب ستارہ نحس ہوتا ہے تو بدافعال کا حامل ہونے کی بناء پر کام بگڑ جاتا ہے، لیکن اچھی یا بری تقدیر میں مؤثرِ حقیقی وہی خالقِ کائنات ہے کہ جس نے یہ نظامِ فلکی تخلیق کیا ہے۔

چنانچہ علمائے فلکیات ونجومیات نے ان ''سبعہ سیارگان'' کی شب و روز کی چوبیس ساعات مقرر کی ہیں اور ہر ساعت کی تاثیریں الگ الگ بیان کی گئی ہیں۔ یہ سبعہ سیارگان شب وروز گردش/ گشت میں رہتے ہیں۔

یہ بات یاد رہے کہ فن عملیات اور سبعہ سیارگان/ ستاروں اُن کے بروج اور ساعتوں کا آپس میں نہایت گہرا تعلق وربط ہے بس یوں سمجھئے کہ جیسے روح کا جسم سے تعلق ہوتا ہے۔ بدیں سبب کسی عمل کے دریافت کرنے نیز تعویزات کے تحریر کرنے سے پیشتر ان تین چیزوں کے لحاظ رکھنے سے عجیب و غریب تاثیرات وقوع میں آتی ہیں!

ہم نے حضرت الامام الغزالیؒ (المتوفی ۵۰۵ھ) کے اس ترجمہ کے ساتھ چند معلومات افزاء گزارشات بعنوان ''سخن ہائے گفتنی'' ملحق کر دی ہیں تاکہ اس عمل وفن کے ناظرین کتاب کے اصل ترجمہ کے ساتھ ساتھ بقدرِ ضرورت و حاجت ان معلومات وعنوانات کے باوصف (مطابق) فائدہ

اٹھا سکیں۔

یاد رہے کہ امام صاحبؒ کی کتاب ''الاوفاق'' کے آغاز میں اس طرح کی مختصر معلومات کی کمی نہایت درجہ کھٹکتی تھی بناء بریں وجہ یہ معلومات موضوع کی مناسبت سے قارئین کرام کے لئے دلچسپی سے ہرگز خالی نہ ہوں گی۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ٥

ہیچمدان / راجہ طارق محمود ایڈووکیٹ (ہائیکورٹ)!

سول لائن جہلم

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ؕ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

وَبِہٖ نَسْتَعِیْنُ وَعَلَیْہِ نَتَوَکَّلُ وَ ھُوَ حَسْبُنَا وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم o

یہ نقش اُس کے اسم ثلاثی ''لطیف'' (یعنی مراد پوری کرنے کے خواص) پر مشتمل ہے اور جیسا کہ اُس کے بارے میں ذکر کیا گیا تمام معاملات میں آسانی پیدا کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر ہے اور جو شخص بیکاری کی حالت میں ہو تو اُس کی کشائش رزق کے لئے نہایت عمدہ ہے اور اس کا وصفِ رباعی کتاب کے آخر میں آئے گا۔ پس جو شخص اس کو ملاحظہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس کو وہاں پر ملاحظہ کرنا چاہیے اور وہ یہ ہے:

ب	ا	س	ط
۱۰	۵۹	۲	۱
۳	۴	۷	۵۸
۵۷	۸	۳	۴

(صورت نقش)

۱۱	۸	۱	۱۴
۱۳	۲	۷	۱۲
۶	۹	۱۶	۳
۴	۱۵	۱۰	۵

(صورت نقش)

ف	ی	لط
۲	۴۳	۸۴
۴۷	۷۶	۶

اور ابو عبد اللہ الکرمیؒ نے کہا کہ اس (اللہ تعالیٰ جل شانہ) کے اسماء میں تاثیر اور خواص کے لحاظ سے جو اسم کثرتِ فوائد کا حامل ہے وہ ''الحکیم ۷۸'' ہے۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ عز اسمہ نے اس کو حکمت۱ کا الہام کیا اور اس کو علوم کے قائق سکھائے نیز اس کو لطائف معانی سے سرفراز فرمایا۔ اور اللہ تعالیٰ رب العزت نے اس کی جانب ''عزیز'' (غالب) اسرار کو القاء کیا اور لطیف اشارات سے بھی نوازا۔ اور وہ عظیم اسماء میں سے ہے۔ اور جس شخص نے اس اسم کو بدھ کے روز کی پہلی ساعت میں وضع کیا جبکہ عطارد۲ جسمِ لائق میں اپنے شرف میں ہو اور اُس کو

---

۱ ''حکمت'' Philosophy

۲ ''عطارد'' Mercury

اس وقت اُٹھایا جبکہ اس اسم کا ذکر ہو کہ جو انبیاء کے مابین فرق و امتیاز کو صحیح و درست طور پر جاننے والا ہو۔ اور وہ اصفیاء (برگزیدہ لوگوں) کے حکم سے چلا تو اس پر اللہ تعالیٰ کی پکڑ تنگی پیدا نہ کرے گی۔ اور اس کے قلب میں سے اس کی زبان پر حکمت کے سر چشمے پھوٹ پڑیں گے۔ اور اس کے ساتھ عمل کرنا تقویٰ کی برکت کے ساتھ مشروط ہے اور اس کی شرح طویل ہے اور اس اسم کے وضع کی صورت حسب ذیل ہے۔

(صورت نقش)

ح	ک	ی	م
۴۱	۹	۳۱	۷
۱۸	۶	۳۲	۱۲
۱۱	۳۲	۵	۱۹

(صورت نقش)

م	ع	ی	د
۵	۹	۷۱	۳۹
۶۸	۳۷	۶	۱۳
۱۱	۷	۳۷	۶۹

اور جہاں تک کہ اس (اللہ رب العزت) کے اسم ''اَلْمُعِیْدُ'' کی تاثیر و خواص کا تعلق ہے تو اس کا نور نہایت روشن و درخشاں ہے اور اس کے فوائد اس کی تعریف و توصیف کی بہ نسبت عیاں و کثیر ہیں اور وہ ہر فساد پیدا کرنے والی شے

میں اصلاح کر دینے والا ہے۔ اور وہ ہر متلاشی کے لئے رجوع کا مقام ہے اور جب اس کو (رکھا) تحریر کیا جائے تو مربع صورت میں رکھا جائے یعنی چار میں چار بروج منقلبہ (یعنی بدل جانے والے بروج) میں سے کسی ایک کے طالع (یعنی نئے طلوع کے وقت) میں باہم یک دگر آہستگی سے داخل ہوتے جائیں اور اس نقش کو ہوا چلنے پر لٹکایا جائے اور اگر کوئی شخص رات کے وقت کسی مقام پر کھڑا ہو کر (قیام کر کے) اس اسم کی تلاوت کرے تو ایک بھاگا ہوا (غلام) یا شخص اور مسافر جہاں سے نکلا تھا اس مقام پر واپس آ جائے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) اور (البونیؒ) نے کہا کہ اس اسم کے خواص اور تاثیرات اس کے ذکر سے فائق ہیں اور ہر بھولے بھٹکے انسان کے رجوع کا مقام ہیں اور اس کی صورت حسب ذیل ہے:

اور جہاں تک کہ اس (اللہ رب العزت) کے اسم "اَلْمَجِیْدُ" کی تاثیر اور اس کے خواص کا تعلق ہے تو ملوک وعمائد قوم کے لئے اس کا ذکر کرنا ان کے امور مملکت میں اصلاح کرتا ہے اور ان کے ملک و اختیارات کو وسعت بخشتا ہے۔ اور اس اسم مبارک کے خواص کثیر ہیں۔ اور یہ اس کی صورت مثلثہ ہے۔ اور یہ تاثیر کے لحاظ سے عظیم الشان ہے:

(صورتِ نقش)

۱۸	۲۳	۱۶
۱۷	۱۹	۲۱
۲۲	۱۸	۱۵

اور جہاں تک کہ اس (پروردگار عالم) کے اسم "اَلْمُبْدِئُ" کے خواص وتا

ثیر کا تعلق ہے تو اس کے لئے شرف میں سے حکم، بلاغات (یعنی نامہ و پیام) اور مطالب (مرادیں) ہیں۔ بعض علماء نے کہا کہ اس اسم کے خواص تاثیرات وفوائد اس کے ذکر سے فائق ہیں۔ اس اسم کو حرز جان بنانا علوم وفنون حکمیہ کو باذن اللہ تعالیٰ زبانسے جاری کر دیتا ہے۔ اور عابد و زائد لوگوں کی سرزمین سے (بحر حقیقت) کے معانی کے سرچشموں کو جاری کر دیتا ہے۔ اور اسم مذکورہ میں عربی بلاغت کے طلباء کے قلوب واذہان میں معانی نوایجاد پیدا کر دینے کی صلاحیت و تاثیر ہے۔ پس آپ کو یہ بات اپنے طلباء کے قلوب واذہان میں اچھی طرح محفوظ رکھ لینی چاہئے۔ اور اس اسم کے نقش کی صورت مربع حسب ذیل ہے:

(صورت نقش)

۱۳	۱۶	۲۱	۴
۲۵	۷	۱۲	۱۷
۸	۲۳	۱۴	۱۱
۱۵	۱۰	۹	۲۲

اور جہاں تک کہ اس (اللہ رب العزت) کے اسم مبارک ''اَللَّطِیۡفُ'' کے خواص وتاثیر کا تعلق ہے تو یہ جلیل القدر اسم ہے اور یہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اذکار میں سے ہے اور اسم مذکور کے خواص میں سے یہ بات قابل ذکر ہے کہ حضرت مریم علیہا السلام میں اس اسم کے ساتھ نفخ روح کیا گیا تھا اور اس کے خواص اور فوائد اس کے ذکر سے زیادہ ہیں۔ اور حرکات و

سکنات میں اسکا ورد باعثِ لطف ہے اور اس کو حرز جان بنا لینے والے شخص کے رزق میں اللہ رب العزت وسعت بخشتا ہے۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں کرتے کہ یہ اسم اپنے خواص وتاثیر کے لحاظ سے اس (اللہ رب العزت) کے اسم ''اَلْمُعْطِیْ'' سے مناسبت رکھتا ہے اس کے عدد ۱۳۱ ہوتے ہیں اور اس کا ذکر کرنے والا حبیب کا بندہ ہے۔ اسی طرح اس کے عدد ۱۲۹ ہوتے ہیں اور اس کے اسم کے حروف اسماء یہ ہیں ﴿ل ط ی ف﴾ اس کا عدد ۱۷۶ ہے۔ یہ اسم اپنے عامل کو وسعت وکشادگی بخشنے والا ہے اور یہ اسکا عدد ہے ۱۷۶ اور اس کی صورت حسب ذیل ہے:

(صورت نقش)

ل	ط	ی	ف
۷۹	۱۱	۸	۳۱
۷	۳۸	۸۲	۱۲
۱۳	۱۸	۲۹	۶

اور اللہ رب العزت کا اسم ''اَلْحَفِیْظ'' رباعی میں رکھا جاتا ہے۔ اور اس کو شمس کے شرف میں آہستگی سے داخل کیا جاتا ہے۔ اور اس اسم کا حرز جان ہر شے کے حفظ کر لینے میں مجرب ہے اور یہ حرز عجیب ہے اور اس کی صورت حسب ذیل ہے اور اس کو اس طرح نقش کیجئے کہ جس طرح آپ ملاحظہ کرتے ہیں:

(صورت نقش)

ح	ف	ی	ظ
۹۵۱	۹	۸۱	۷
۷۸	۲	۹۰۲	۱۲
۱۱	۹۰۳	۵	۷۹

اور جس شخص نے ہمارے نبی محمد ﷺ کا اسم مبارک تحریر کیا اور (بطور) نقش اپنے پاس رکھا تو وہ اپنے دشمنوں سے محفوظ رہا کرتا ہے۔ نیز اس کے دشمن چاہے وہ شیطان ہوں، باغی ہوں اور حاسد ہوں سلطان کے ہاں ذلیل وخوار ہوا کرتے ہیں۔ اور اس کے حرزِ جان بنا لینے سے تمام جبّار اور عناد رکھنے والوں کے ہاں خوشی اور انبساط حاصل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ بہائم سے بھی اور آپ ﷺ کا اسم (محمد ﷺ) اس نقشِ مبارک کے موافق ہے جیسا کہ آپ اس کو حسبِ ذیل صورت میں ملاحظہ کرتے ہیں:

(صورت نقش)

م	ح	م	د
د	م	ح	م
ح	م	د	م
م	د	م	ح

اور جہاں تک کہ اس (اللہ تعالیٰ رب العزت) کے اسمِ مبارک

"المحیط" کے خواص وتاثیر کا تعلق ہے تو یہ خوف ودہشت کو دور کردینے والا ہے۔ اور جب اس اسم کو لوہے کی تختی پر اس کے حروف کی تکسیر کی صورت میں شکل مربع میں کندہ کیا جائے اور اس شخص کے لٹکایا جائے کہ جس کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کو کبھی مرگی نہ ہوگی۔ اور اگر کثرت بکا (رونے) کی وجہ سے کسی بچے کی گردن میں لٹکایا جائے تو وہ کبھی نہ روئے گا۔ پس بیشک اس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اور یہ اس نقش کے موافق ہے:

(صورت نقش)

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ی	ط	ح
ی	ح	م	ط

اور جہاں تک کہ سورۃ "اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ" کے خواص و تاثیر کا تعلق ہے تو جس شخص نے اس سورۃ کو مکمل طور پر لوہے کی تختی پر کندہ کیا اور یہ حاملِ کی اس طرح حفاظت کرے گی جس طرح کہ اس نے اس کو کندہ کیا، مگر یہ کہ اس کا حامل اپنے تمام اُمور میں چاہے وہ جھگڑے خصومت کے ہوں یا کہ حکومت کے ہوں ہمیشہ کامیاب ہوگا اور وہ بادشاہوں اور وزراء کے ہاں گفت و شنید میں کامیاب وفائز المرام ہوگا اور وہ قضاۃ کے ہاں وجاہت والا ہوگا اور تمام اہلِ مناصب کے ہاں وہ مقبول ہوگا۔ اور وہ اس کی مخالفت نہ کریں گے اور بغیر "بسملۃ" کے سورۃ النصر کا یہ عدد موافق ہے۔ اور اس کے شروع میں ہے:

(صورت نقش)

۶۱۲۳۶۲۶۳

فی دین اللہ افواجا ۱۵۳۰	الناس یدخلون ۱۵۲۳	والفتح ورایت ۱۵۳۷	اذاجاء نصر اللہ ۱۵۲۳
فسبح بحمد ربک ۱۵۳۶	فی دین اللہ افواجاً ۱۵۲۴	الناس یدخلون ۱۵۲۹	والفتح ورایت ۱۵۳۳
واستغفروانہ ۱۵۲۵	فسبح بحمد ربک ۱۵۳۹	فی دین اللہ افواجا ۱۵۳۱	الناس یدخلون ۱۵۲۸
کان توابا ۱۵۳۲	واستغفرہٗ انہ ۱۵۲۷	فسبح بحمد ربک ۱۵۲۶	فی دین اللہ افواجا ۱۵۳۸

(صورت نقش)

۸۱۰۳۸۳	۳۳۸۲۹۳	۳۳۱۲۹۸
۳۳۸۱۳۲۰۹۵	۱۰۳۳۸۲۹۷	۷۰ ۱۰۳۳۲۹۹
۱۰۳۳۸۲۹۶۳	۹۱۰۳۳۸۳۱	۰۲ ۱۳۳۷۲۹۳

اور یہ جناب سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا اسم گرامی ہے "بُو حانذ" اس اسم گرامی کے خواص اور تاثیر میں سے یہ امر قابل ذکر ہے کہ جس شخص نے ایک کاغذ پر پچاس مرتبہ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا یہ اسم گرامی تحریر کیا اور اس کو اپنے پاس حفاظت سے رکھ لیا تو وہ تمام دنیا کی نگاہ میں محبوب و پیارا ہو جائے گا۔

فقیہہ ایوبؒ کے خط سے عبدالرحمٰن الشیخ الغربیؒ سے سماعاً منقول ہے۔

اور یہ عمل قرآن عظیم کے موافق ہے۔

اس کے عدد ہیں اکتیس لاکھ چونتیس ہزار آٹھ صد اکانوے (۳۱۳۴۸۹۱) اور نقشِ ثلاثی کے موافق ہے۔ اس نقش کو منگل کے روز قمر کی ساعت اوّل کے روز تحریر کیا جائے۔ جبکہ چاند (قمر) بُرج ثور سے تیسرے درجہ میں ہو اور وہ اس کے شرف کا مقام ہے اور وہ نحوست سے بری ہے۔ اس کا کاروبار کثیر ہوگا۔ اور مریخ اس کا ساتھی اور مددگار ہو (یعنی اس کا معاون ہو) یا پھر اس کا مقابل ہو اور بُرج زہرہ سے صاف ہو۔ اس حال میں کہ قمر اس کے نور سے زیادہ روشن و منور ہو اور اس نقش کو چاندی کی ایک صاف وشفاف تختی پر کندہ کیا جائے اور تختی یا لوح مربع صورت ہونی چاہئے جبکہ اس کا وزن کئی مثقال[1] ہو اور اس کی صورت حسب ذیل طریقہ پر ہے اور اللہ تعالیٰ ہی زیادہ بہتر جانتے ہیں:

ا۔ وَفق ثانی ثلاثی فضل و برکت کے لئے ہے، پس آپ غور وفکر و تامل سے کام لیجئے اور وہ یہی وفق ہے۔

1۔ مثقال'' کی جمع مثاقیل آتی ہے۔ ایک مثقال کا وزن بیس قراط ہوتا ہے جبکہ ایک قراط پانچ جَو کا ہوتا ہے۔ تقریباً ساڑھے چار ماشہ (۴-۱/۲) بنتا ہے۔

د ص ز ع ۱۳۶۳	ط ی ط ی ۱۴۱۹	ب ف ر ع ۱۲۹۲
۴ ع ص ۱۳۷۳۴	۵ ر ب ع ۱۵۵	ر ب ذ ع ۱۷۳۷
ک ص ع ۱۸۴۹	ا ص ف ع ۱۱۹۱	ف م ح ع

۲۔ یہ وفق اللہ تعالیٰ رب العزت کے اسماء "واسع" اور "عزیز" کے موافق ہے۔ اور یہ دونوں اسم "ابوبکر" کے موافق ہیں اور اس کا عدد (۳۳۱) ہے اور وہ یہ ہے۔

(صورت وفق)

۱۲	۷۱	۷۳
۷۵	۷۷	۷۹
۸	۷۳	۷۸

اور یہ نقش اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ "کافی"، "ولی" اور "ودود" کے موافق ہے اور نقش کی یہ صورت عزیز، جید اور عمدہ و حسین ہے۔ اس حال میں تکرار عددی نہیں ہوتی اور سباعی (سات) کا عدد اس کے اجزاء کا مقام ہے۔ ماسوا اس کے یقیناً سباعی کو "مجذوب" کے کلمہ کے ساتھ ضبط کیا جائے۔ اور رموز میں اللہ تعالیٰ رب العزت ہی موافقت دینے والے ہیں:

۳۶	۵۰	۴۷	۴۴
۴۸	۴۲	۳۷	۴۹
۴۶	۴۵	۵۲	۳۸
۵۱	۳۹	۴۱	۴۶

''اور یہ وفق سباعی مشہور ہے۔''

اک	۴۱۴	ف ۳۸	ی ۳۲	ع ۲۶	ن ۳۵	ی ۱۴
ن ۲۷	ی ۲۱	ک ۸۱	ا ۲	ف ۴۵	ی ۳۹	ع ۳۳
ی ۴۶	ع ۱۰۰	ن ۳۴	ی ۲۸	ک ۱۵	ا	ف ۳
۱۶	ف ۱۰	ی ۳	ع ۴۷	ن ۴۱	ی ۳۵	ک ۲۲
ی ۴۲	ک ۲۹	ا ۳	ف ۱۷	ی ۱۱	ع ۵	ن ۱۸
ع ۱۳	ن ۶	ی ۴۹	ک ۲	ا ۳۵	ف ۲۴	ی ۱۸
م ۳۱	ی ۱۵	ع ۱۹	ن ۱۳	ی ۷	ک ۴۳	ا ۲۲

فصل

ہم فوائدِ ثلاثی (موافق) میں سے ایک طریقہ کو بیانِ واضح سے احاطۂ تحریر میں لاتے ہیں۔ اور ہم قلیل سے کثیر پر استدلال چاہتے ہیں اور دلیل سے مدلول پر استدلال چاہتے ہیں۔ اور میں نے اس کو مفید بنایا ہے۔ اور میں نے اس کا نام ''فوائدِ حسنہ'' رکھا ہے۔ اور وہ یہ کہ آپ گندم کے سات عدد دانے لے لیجئے اور ان پر سات مرتبہ ''آیۃ الکرسی'' کی تلاوت کیجئے اور یہ آیت تلاوت کیجئے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ''. (سات مرتبہ تلاوت کیجئے)

اور وفق (نقش) ثلاثی تحریر کیا جائے۔ اور اس نقش کو گندم کے ان سات عدد دانوں سمیت ایک مناسب کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر اس کو اناج میں دفن کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس میں برکت اور افزونی ہو کر رہے گی۔ جو کہ اس وفق اور آیۂ کریمہ کا نتیجہ ہوگا۔

یہ کہ سوموار کے روز پہلی ساعت میں سینتالیس (۴۷) مرتبہ سورۃ اخلاص کو پڑھا جائے اور تحریر کیا جائے۔ بعد ازاں اس نقش کو عود رطب، جاوی

وغیرہ والمعوذات کی اعداد درج کیے جائیں اور اس وفق (نقش) کو اس "نصف حمائی طبعی ترابی" کے مطابق تحریر کیا جائے۔ پھر اس وفق (نقش) کے اوپر کی جانب "عصفیائیل" کا اسم تحریر کیا جائے اور اس نقش کے دائیں جانب "صدقیائیل" کا اسم تحریر کیا جائے۔ اور اس نقش کے بائیں جانب "کھیائیل" تحریر کیا جائے۔ اور وہ وفق نقش حسب ذیل ہے

(صورت نقش)

عصفیائیل

	۴	۹	۲	
کھیائیل	۳	۵	۷	صدقیائیل
	۸	۱	۶	

فائدہ:

ایک دوسرا وفق (نقش) یہ کہ "سورۃ اخلاص" کا وفق (نقش) ثلاثی ترتیب دیا جائے جو کہ پندرہ (۱۵) ایسے کلمات پر مشتمل ہو کہ جو اسم کے موافق ہوں۔ اس کے اعداد کا وفق (نقش) ثلاثی (۱۵) کے تحت ترتیب دیجئے۔ جیسا کہ قبل ازیں بیان ہو چکا ہے اور اس کے حروف کو وفق (نقش) کے اردگرد حذف حرف پر تحریر کیا جائے اور یہ عمل کسی بھی مقصد کے لئے کیا جا سکتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت سے اس میں برکت ڈال دیتا ہے۔ اور یہ مذکورہ بالا وفق (نقش) سوموار کے روز ساعت اول میں تحریر کیا جائے اور اس کو عود رطب

سے دھونی دی جائے اور یہ اس کا وفق (نقش) ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ احد

۲۲۰ اللہ الصمد ۲۳۱ لم یلد ولم یولد

۲۴۰ ولم یکن لہ کفوا احد ۳۱۱ (الجملۃ)

۱۷۸۸ (مجموعی طور پر)

پھر وفق (نقش) کے اردگرد سورۃ کے حروف سے ماقبل ملائکہ کے اسماء تحریر کیے جائیں۔ قلنا یا مہمائیل مہقائیل کمائیل اور وفق (نقش) کی یہ صورت (سورۃ اخلاص) کے نقش مع "بسم اللہ" کے موافق ہے جیسا کہ آپ ملاحظہ کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ رب العزت ہی زیادہ بہتر جاننے والے ہیں۔

مہمائیل کصفیائیل

۵۹۹	۵۹۲	۵۹۷
۹۵۴	۵۹۲	۵۹۸
۵۹۵	۶۰۰	۵۹۳

ق ل ہ و ا ل ل ہ ا ح د ل ل ہ ا ص م

م ن ا ل ر ح ی م

فائدہ:

ایک دوسرا وفق یہ کہ یہ وفق جمادی قمر کے روز اور اس کی ساعت اور اس کے شرف میں تحریر کیا جائے۔ اس کی تحریر سے قبل عزیمہ قفل میں سے یہ مختصر عزیمہ تحریر کیا جائے۔

اَللّٰھُمَّ بِعِزَّۃِ قَیقَائِیلَ مَن یُوقِدُ فَارِشَ صَمَیدَسرِش
کَرھَش لَشَغِی اَلیطرِس اَھیط اَیھَا المَلَکُ
الجَلیلُ سَدقَیائِیل اَحجِبنَا بِالحِجَابِ العَالِیَۃِ
مِمَّن یُؤذِینَا مِنَ اَروَاحِ الجِنِّ وَ الاِءنسِ
وَالحَشَرَاتِ اَجمَعِینَ یَا سَلَاوِیَعُ سَلَاسَلَ
بِالَّذِی خَلَقَکَ مِن نُورٍ سَعَالِی لِمَوَاھِبِ
النِّعَالِبِ یَھذَا لعَاکِرِ وَالمَوَاکِبِ کَتَبَ اللّٰہُ
لَاَغلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِی اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیزٌ۔

اس عزیمہ کو سینتالیس (۴۷) حبوب گندم پر پڑھا جائے اور اس کے بعد آپ ان حبوب گندم (یعنی گندم کے دانوں) کو کھانے کے درمیان رکھ دیں (یا ڈال دیں)۔

[illegible]

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

[illegible]

اوراس مشہور وفق کو ڈالا جائے: (یعنی ساتھ رکھا جائے)

(صورت وفق)

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مشہور — ھار مائل

فائدہ:

اس وفق کو قمر کے روز اس کی ساعت اور اس کے شرف میں اس وقت تحریر کیا جائے جبکہ اس کا نور مستزاد ہو۔ اور اس پر سینتالیس (۴۷) مرتبہ ''سورۃ اخلاص'' کو پڑھا جائے۔ اور عزیمۃ اسی کی طرح ہے۔ (۴۷) اور کہے (پڑھے)

أَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْاِسْمِ أَوِالسُّوْرَةِ أَنْ تُنَزِّلَ
الْبَرَكَةَ فِيْ كَذَا وَكَذَا الْاِشَارَةُ اِلٰى هٰذَا الْوَفْقِ:

(صورت وفق)

کصابیل

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

صدقائیل

سمعسا

فائدہ:

ایک دوسرا وفق، یہ کہ قمر کے روز اس کی ساعت اور اس کے شرف میں وفق ثلاثی تحریر کیا جائے جب اس کے نور کے مستزاد (زیادہ) ہونے میں نحوست معلوم ہوتی ہو۔ اور اس کے اطراف وجوانب میں "کھیعص حمعسق" حروف کی متفرق طور پر تحریر کیا جائے۔ اس کو "مائیعة" کی دھونی دی جائے اور بخورات کی دھونی دیتے وقت "آیۃ الکرسی" کو سات (۷) مرتبہ پڑھا جائے۔ اور اس کے ساتھ یہ تحریر کیا جائے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔
(اَلْآيَة) اور میں آپ کے لئے حسب ذیل صورت ذکر

کرتا ہوں (تجویز کرتا ہوں)۔

(صورت وفق)

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۷	۱	۶

ع ص ح

فائدہ:

ایک دوسرا وفق، یہ کہ یہ وفق تین روز کے روزوں کی ریاضت پر مشتمل ہے۔ جو کہ شرط کی حیثیت رکھتا ہے۔ منگل کے روز نمازِ فجر کے بعد "اسماءِ مفردہ" کے حروف کو مشک، عرقِ گلاب، زعفران اور مینہ کے پانی کے ساتھ حل کر کے تحریر کیا جائے۔ اس کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر بائیں ہاتھ سے تحریر کیا جائے اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دائیں ہاتھ سے تحریر کیا جائے۔ پھر آپ دو رکعات نماز (نفل) ادا کریں پھر اپنے ہاتھ آسمان کی جانب اٹھا کر بارگاہِ رب العزت میں سچی اور خالص نیت کے ساتھ اپنی حاجت کی بابت سوال کریں اور آپ کی نیت اور عمل میں فرق نہ ہونا چاہئے اور اپنی حاجت کے طلب کرتے وقت اوّل سے آخر تک نیت میں کج روی (خیالاتِ فاسدہ/بدنیتی وغیرہ) پیدا نہ کیجئے۔ اور

جب دعا کر رہے ہوں تو اس دوران اپنی حاجت کو بیان کیجئے۔ پھر آپ اس طرح کہیں کہ میری (فلاں اور فلاں) حاجت کو پورا کر دیا جائے۔ اور ان مذکورہ بالا اسرار کو وسیلہ بنایئے۔ اور یہ عمل اس مقام اور مجلس میں کئی مرتبہ کیجئے۔ اور انشاء اللہ جب آپ اس مقام سے اُٹھئے گا تو آپ کی حاجت بر آ رہی ہو چکی ہو گی۔ اور دعا کو قبولیت اور اجابت حاصل ہو گی۔ اور آپ ایسا کیجئے کہ آپ مذکورہ بالا وفق (نقش) کو تحریر کر کے اس کو قبالہ (حفاظتی نلکی) یا تھیلے وغیرہ محفوظ جگہ رکھ دیجئے۔ اور جب دعا کے لئے سجدہ کیجئے تو اس کو سامنے رکھ لیجئے اور سجدہ کے وقت یہ اسماء پڑھئے:

"اسحس صعطف کلموھی"

❁❁❁❁

باب

یہ کہ جب آپ اس بات کا ارادہ کریں کہ سلطان، وزیر، معلم، مشائخ، شجاع، بڑے، چھوٹے اور شہر کے تمام آمر اور ظالم کی زبان کو ایذاء دہی سے روکیں اور اس کی زبان کو بند رکھیں۔ تو اس آیت کریمہ کا نقش تحریر کیجئے: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ اور حسب ذیل نقش تحریر کر کے اس کو دفن کر دیجئے:

(صورتِ نقش)

ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی

باب

وہ یہ کہ شہر یا گھر سے جن کو نکال باہر کرنے کے لئے حسب ذیل حروف کو سیاہ بکرے کے چمڑے پر تحریر کر کے اس شہر یا مکان میں دفن کر دیا جائے:

اک ح و و قال و ح و ح و ح و ح بزح ح ک و و و ☆ ااا م ا=ا

❁❁❁❁❁

باب

یہ کہ حرب (جنگ) تفریق اور جدائی ڈالنے کیلئے ایک خط تحریر کیا جائے اور اس کو بلی (جو کہ سیاہ رنگ کی ہو) کی گردن میں باندھ دیا جائے۔ اور بعد ازاں ایک عزیمہ تحریر کیا جائے اور اس کو پانی میں گھول کر بلی کو پلا دیا جائے۔ اور اس بلی کو دشمنوں کی سرزمین میں چھوڑ دیا جائے۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے متفرق ہو جائیں گے اور یہ طلاسم بھی تحریر کیا جائے:

> |||| ١٩١٢ ""اسح" ""١١٧١٧ ما مہ <

فائدہ:

ایک دیگر عمل جو کہ تمام دشمنوں چاہے وہ جنات میں سے ہوں یا کہ انسانوں میں سے یا پھر وہ جنون یا عشق کے امراض میں سے ہو۔ کفایت کرتا ہے۔ وہ یہ کہ آپ آیت کا عدد لیجئے اور اسی طرح اسمائے عجیبہ کا عدد بھی لے لیجئے۔ اور یہ عمل اس وقت کیجئے جب کہ قمر کا روز ہو اور اس کی ساعت ہو۔ اور وہ نحوست سے مبرا ہو۔ (یعنی نحوست سے پاک ہو) اور اسی عمل سے وفق ثلاثی تیار کیجئے۔ اور اس کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ جب کہ آپ دشمن کے مقابل ہوں۔ اور اس آیت اور اسمائے عجیبہ کے اعداد سے تیار شدہ وفق ثلاثی کو دشمن کے سامنے کر دیجئے۔ اور اس آیت سے متعلق عجیب اسرار پنہاں ہیں۔ اور کثیر فوائد ہیں کہ جن کا احاطہ ممکن نہیں ہے۔ پس آپ سمجھ لیجئے اور اس پر غور وفکر کر لیجئے۔

پس جہاں تک کہ آیت کے اسماء میں سے اعداد کا تعلق ہے تو وہ حسب ذیل ہیں:

سَلَامٌ قَوْلاً مِن رَّبِ رَّحِیمْ اس کے عددھیں ١٨١٨ قلال لحمر رموس پھر یہ کہیں اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْکَلِمَاتِ اُکْفِنِیْ شَرِّ کَذَا وَ کَذَا۔

اور پیشتر ازیں ہم نے جس وفق (نقش) کا ذکر کیا ہے اس کی صورت حسب ذیل ہے۔ اور وہ یہ کہ ان کو اسی طرح ترکیب دیجئے نیز اس میں اسماء کی یہ صورت ہے۔ پھر اسماء عجیبہ کے اعداد بھی ہیں پھر آیت کے اعداد ہیں:

(صورتِ نقش)

۵۴۹	۵۴۲	۵۴۷
۵۴۴	۵۴۶	۵۴۸
۵۴۵	۵۵۰	۵۴۳

باب

اس باب کا موضوع تسلیط الجن (یعنی جنات کے مسلط ہو جانے) سے ہے جب کہ وہ چوہے کی صورت میں ہوں۔ یہ کہ ایک کاغذ پر حسب ذیل طلاسم تحریر کیے جائیں اور اس کاغذ کے ٹکڑے کو آگ میں دفن کر دیا جائے۔

(صورتِ طلاسم)

(ح لمل ۹ اللل ۹۱۹ لا ححح ۲۵۴۲ ححح ۹۹ ححح ححح)

❁❁❁❁❁

باب

یہ باب، خاوند کی محبت اور سکون کے عمل سے متعلق ہے، وہ یہ کہ حسب ذیل نقش کو تحریر کیا جائے اور حسبِ ضرورت خاوند یا بیوی کو گھول کر پلایا جائے۔ تو

آپ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اطاعت کے لئے اس نقش کی عجیب وغریب تاثیر ملاحظہ کریں گے۔ نیز یہ کہ یہ نقش ریح (ہوا) کو ساکن کرتا ہے (یا تسکین) کے لئے ہے۔ اور وہ متعلم کا حجاب ہے۔ اس نقش کو تحریر کیا جائے۔ اور اس کو اس کے دائیں ہاتھ (بازو) سے باندھ دیا جائے۔

(صورت نقش)

۲۲۲	۹۲۲	۹۳
۳۳۳	۳۳۳	۳۳۳
۲۲۵	۳۳۱۵	۳۱۵

باب

یہ باب، سحر (Magic) اور سانپ کی کینچلی کے عمل کو باطل کرنے سے متعلق ہے۔ وہ یہ کہ: آیت ''آمَنَ الرَّسُوْلُ'' اور ''آیۃ الکرسی'' نیز اس آیت کو تحریر کیا جائے۔ ''وَاللّٰہُ مِن وَّرَآئِھِمْ مُحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْآنٌ مَجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَحْفُوْظٍ۔

اور حرز کو تحریر کر کے باندھا بھی جائے اور پلایا بھی جائے۔

باب

یہ باب، جن کے علاج سے متعلق ہے۔ یہ کہ آپ پسے ہوئے چاول کا

صفوف مناسب مقدار میں لے لیجئے۔ اور (سلم[1] کے درخت) کی ایک عمدہ اور صاف جڑ لیجئے اور ''سورۃ اخلاص'' کو سات (۷) مرتبہ سلم کے درخت کی جڑ کے پانی سے تحریر کیجئے۔ اور پھران کو سلم کی جڑوں کے پانی میں جوش دیجئے اور اس دوا کو عزیمۃ کے پانی کے ساتھ پلا دیجئے نیز دیوار کے سائے میں مریض کو اس پانی سے غسل دیجئے تو اس عمل سے مریض کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

فائدہ:

ایک دوسرا نقش یہ کہ اس آیت کا عدد نکالا جائے پھر اس آیت کے عدد اور انکے اسماء عجیبۃ کے اعداد کو قمر کے روز، اس کی ساعت اور اس کے شرف میں ایک لوح (تختی) پر ترکیب دیا جائے۔ اور اس تختی کو عود، لبان، جاوی وغیرہ بخورات کی دھونی دی جائے۔ اور اس وفق (نقش) پر اس آیت اور کلمات کو کامل سات راتوں تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ تلاوت کیا جائے۔ اور یہ عمل اس وقت کیا جائے جبکہ قمر خوب روشن ہو۔ اور اس عمل کو کسی بھی ماہ کے ساتویں روز سے چودھویں روز تک (کی راتوں تک) کیا جائے۔ پھر آپ اس وفق (نقش) کو اپنے پاس محفوظ رکھ لیں تو پھر آپ دنیا اور آخرت کی جو بھلائیاں چاہتے ہیں وہ

---

[1] سلم ایک درخت ہے کہ جس کی چھال سے یا جس سے دباغت Tanning or Curraying) دی جاتی ہے۔ (راجہ طارق محمود (ایڈوکیٹ) جہلم مترجم۔

ظاہر ہونے لگیں گی اور یہ مسبب الاسباب کے کاموں میں سے ہوگا۔ اور جس آیت کا نقش تحریر کیا جائے وہ یہ ہے:

(صورتِ نقش)

سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ

۵۴۹	۵۴۲	۵۴۷
۵۴۴	۵۴۶	۵۴۸
۵۴۵	۵۵۰	۵۴۳

باب

یہ باب ثقل کلام اور گرمی وخشکی سے متعلق بخاروں کے علاج سے متعلق ہے۔ یہ کہ اس نقش کو تحریر کر کے زبان کے نیچے رکھا جائے:

حـ ح۹۹ط۹ل ة

باب

یہ باب دشمن کی ہلاکت نیز اس کے مال کی ہلاکت کے عمل سے متعلق ہے۔ یہ کہ آپ پانی لے لیجئے اور اس سے تازہ وضو کیجئے۔ اور دو رکعت نماز (نفل) ادا کیجئے۔ جبکہ رکعتِ اوّل میں سورۃ فاتحہ کے ہمراہ سورۃ القارعۃ کی تلاوت کیجئے اور دوسری رکعت سورۃ فاتحہ کے ساتھ سورۃ الھمزہ تلاوت کیجئے اس کے بعد پڑھیئے اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَہٗ وَ قَصِرْ عُمْرَہٗ وَخُذْہُ اَخْذَ عَزِیْزٍ

مُقْتَدِرٍ۔ اوراس کے بعد سلام پھیر دیجئے اوراس کے بعد آپ ہر روز صبح وشام ''اَلسَّبْعُ الْمُهْلِكَاتُ '' کو پڑھتے رہئے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہلاک ہوکر رہے گا۔

باب

یہ باب دفینہ کے ظاہر ہونے کے عمل سے متعلق ہے۔ یہ کہ آپ پہاڑی بکرے کی آنکھ اور گدی (سر کا پچھلا حصہ) لے لیجئے۔ اور خنش[1] (ایک قسم کا سانپ) کا سر لیجئے اور ان تمام اشیاء کو جلا کر سرمہ کی مانند پیس کر آنکھوں میں سرمہ کی مانند استعمال کیجئے اور اس کی راکھ کا دھواں دفینہ کے مقام کی خبر دے دے گا۔

فائدہ:

اس نقش کا تعلق جاہ وقبول سے ہے اور اس کا عمل اسطرح ہے کہ اس وقت (نقش) کے گرد قمر کے روز اس کی ساعت اور اس وقت جبکہ وہ نحوست سے پاک ہو تحریر کیجئے نیز یہ کہ اس وقت قمر بیماریوں سے پاک ہو اور نحوست سے سعادت کی جانب متصل ہو۔ یا تثلیث کی جانب میلان ہو۔ تو پھر ان تمام احوال سے

---

[1] ''اَلْخَنَشُ'' سانپ کی ایک قسم ہے۔ نیز ہر اس جانور کو بھی کہا جاتا ہے کہ جس کا سر سانپ کی مانند ہو، مثلاً گرگٹ اور چھپکلی وغیرہ اس کی جمع 'أَخْنَاشٌ' اور 'خُنْشَانٌ'۔ آتی ہے۔ از مترجم (راجہ طارق محمود (ایڈووکیٹ) جہلم

بچنے کی ضرورت ہے۔ کہ جس سے عالم کے نظام میں تغیر و تبدل برپا ہو جائے۔
اور آپ کا عمل اس صفت کے ساتھ قمر کے خوب روشن ہونے کے ساتھ ہے اور
وفق کے اردگرد جو اسماء تحریر کیجئے وہ حسب ذیل ہیں:

﴿اسماء﴾

کہیعص حمعسق ق ن یوم لوہ ارسط تہلہوہ
ہیون کہرسن علسعوم" واللہ تعالیٰ اعلم

(صورت نقش)

کہیعص حمعسق

ق ن یوم لوہ				تہلہوہ ہیون
	۴	۹	۲	
	۳	۵	۷	
	۸	۱	۶	

کہرسن

اور یہ وہ عزیمۃ ہے کہ اس کے بغیر کوئی عمل بھی درست نہیں ہوتا۔ اور یہ

چوبیس (۲۴) کلمات ہیں کہ جن کا تعلق چوبیس زبانوں کے ساتھ ہے:

"برهتیه کریرتتلیه طوران مذجل ترقب
برهش غملش خوطیر فتلهود برسان سلح

برھیولا کطحین سکلح قرمز الغیدلیط فبران

غیاھا کیدھو کاء سمخاھیر سمھاییر" بحق

اَلعَھْدِ الَما خُوْدِ عَلَیْکُمْ الَاءِ نُقیاَ دِ فِیْما اُمِرْتُکُمْ

بِہٖ بِعِزَّۃِ العَزِیْزِ المُعْذِ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ اَوْفُوْا بِعَھْدِ

اللّٰہِ اِذْ عَاھَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوْا الاَیْمَانَ بَعْدَ

تَوْکِیْدِھَا وَقَدْجَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلاً وَّ صَلَّی

اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ

وَسَلَّمْ۔

فائدہ:۔

یہ کہ یہ عمل اس مقصد کے لئے ہے کہ اگر آپ کسی بھی جگہ آفت ڈالنا چاہیں تو یہ عمل اس مقصد کے لئے مطلب برآری کرسکتا ہے۔ وہ یہ کہ "سورۃ الفیل" کو مکمل طور پر تحریر کیا جائے۔ اوراس شکل کو پانچ قطعات میں کاغذ پر تحریر کیا جائے۔ یھلوہ ھیون کھرن علسعوم پھراس کاغذ کو لپیٹ دیجئے۔ اوران میں سے ہر قطعہ کے کاغذ کو ایک نئی ہنڈیا میں ڈال دیجئے اوران کو بند کر کے ان کو گھر کے مختلف گوشوں میں دفن کر دیجئے۔ یعنی چار عدد ہنڈیا کو مکان کے چار گوشوں میں اور پانچویں ہنڈیا کو مکان کے وسط میں دفن کیا جائے اور وفق (نقش) حسبِ ذیل ہے:

(صورت نقش)

باب

یہ باب، ہلال (چاند) کی ساعت کی معرفت نیز مریض کے جسد سے ہر روز اور ہر ساعت مرض کے نکالنے سے متعلق ہے۔ وہ یہ کہ اتوار کا تمام دن اور رات، عطارد کی ساعت ہے اور سوموار کا روز مریخ کی ساعت ہے۔ اور منگل کا روز قمر کی ساعت ہے۔ اور بدھ کا روز شمس کی ساعت ہے۔ اور جمعرات کا روز زحل کی ساعت ہے اور جمعہ کا روز مریخ کی ساعت ہے۔ جب کہ ہفتہ کا روز زہرۃ کی ساعت ہے۔

باب

یہ باب مرض کی دواء (علاج) سے متعلق ہے۔ وہ یہ کہ پان کا ایک پتہ لیجئے اور اس پر حسب ذیل حروف تحریر کر کے مریض کو کھلا دیجئے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفاء یاب ہو جائے گا۔

(ک ۱۱۴ ۳۹ ۴۲ کب ۱۲لا ہ)

فائدہ:

ایک ایسی عورت کہ جو گھر سے نہ نکلتی ہو تو اس دعا کو کاغذ پر تحریر کر کے گھر میں دفن کر دیا جائے نیز اس عورت کے کمرہ کے اوپر ایک وزنی پتھر رکھ دیا جائے۔

اَللّٰھُمَّ حُرِسَتْ وَوُقِیَتْ وَ رُبِطَتْ فُلَانَۃُ بِنْتُ
فُلَانٍ لَاتَخْرُجُ مِنْ مَکَانِھَا اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ
